یزید کی شخصیت و کردار پر اکابر علماء و مؤرّخین کی کتب کے
اصل عکسی (اسکین) حوالہ جات سے مزیّن تاریخی دستاویز

کردارِ یزید

مرتب

مناظرِ اسلام

حضرت مولانا ساجد خان صاحب نقشبندی مدظلہ العالی

باہتمام: انجمن دعوۃ اہل السنّۃ والجماعۃ

جملہ حقوق بحق المسلمین کتاب کے مضمون، حوالہ جات میں کسی بھی قسم کا
ردّو بدل کیے بغیر ہر ایک کو شائع و تقسیم کرنے کی اجازت ہے!!

کردارِ یزید

تالیف

مولانا ساجد خان صاحب نقشبندی حفظہ اللہ
(فاضل جامعہ دارالعلوم کراچی مدرّس جامعہ مدنیہ)

ناشر

جمعیّة اهل السنّة والجماعة

تفصیلات

کتاب کانام:	کردارِ یزید
مؤلّف کانام:	مولاناساجدخان صاحب نقشبندی حفظہٗ اللہ
اشاعت :	دوسراایڈیشن (ترمیم واضافہ شدہ)
سن طباعت:	ستمبر ۲۰۱۹ء
صفحات:	۵۶
قیمت :	
ناشر :	جمعیۃ اہل السنۃ والجماعۃ پاکستان

فہرست

۱	عرضِ مؤلّف	۴
۲	کردارِ یزید پر ایک نظر	۷
۳	اشکالات	۱۳
۴	مسئلہ لعن یزید	۱۷
۵	تقی الدین ابو العباس احمد ابن عبد الحلیم ابن تیمیہ اور یزید	۲۱
۶	محمود عبّاسی کے چند گستاخانہ نظریات (مؤلّف خلافتِ معاویہ و یزید)	۲۳
۷	مزید گستاخیاں	۳۰
	حوالہ جات کے عکس (اسکین)	
	بابِ اوّل	
۸	یزیدی ناصبیوں کی حضرت علی اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما کی شان میں چند گستاخیاں	۳۲
	بابِ دوّم	
۹	یزید کے متعلّق اکابر علماء کے حوالہ جات	۳۷

عرضِ مؤلّف

اہل السنّۃ والجماعۃ کے ہاں اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین کی محبّت اور یزید علیہ ما علیہ کے فسق وفجور کا نظریہ عقائد کے باب سے تعلّق رکھتا ہے، جس کی دلیل یہ ہے کہ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے شرح فقہ اکبر، علّامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح عقائد، علّامہ پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ نے نبراس، شیخ عبدالحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے تکمیل الایمان میں اس مسئلہ کو ذکر کیا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ اس نظریہ کا تعلق ضروریات دین میں سے نہیں ہے۔

ایک عرصہ سے روافض اہل السنّۃ پر یہ اعتراض کرتے چلے آرہے ہیں کہ تم یزیدی ہو اور دشمنانِ اہل بیت ہو جبکہ اہل السنّۃ اِس الزام کی پرزور طریقے سے تردید کرتے رہے جیسا کہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے منہاج السنّۃ اور شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے تحفہ اثناء عشریہ میں اس کا ذکر کیا۔ مخالفین نے اپنے اس الزام کو حقیقت کا جامہ پہنانے کیلئے فتنوں وفرقوں کی زمین پاک و ہند میں پچھلی صدی میں ایک شخص محمود عباسی امروہی (متوفی ۱۴/مارچ ۱۹۷۴ء) کو پروان چڑھایا جس نے سر آغا خان کے حکم پر ''خلافت معاویہ و یزید'' جیسی بدنام زمانہ کتاب لکھی جس میں یزید کو ''امیر المومنین''، ''رحمۃ اللہ علیہ''، ''خلیفہ برحق'' اور امام حسین رضی اللہ عنہ کو اپنے اقدام میں خاطی اور حبِّ جاہ کا طالب بتایا نعوذ باللہ اس کے بعد ''تحقیق مزید'' میں تو حضرت علی وآل بیت کی توہین وتنقیص میں کوئی کسر نہ چھوڑی محمود عباسی کے بعد اس نظریہ کو ایک فرقہ کی شکل

دے دی گئی اور ہمارے ہاں مستقل ایک ناصبی گروہ وجود میں آگیا جس نے یزید کی حمایت اور آل بیت کی توہین پر خوب لکھا اس گروہ کے سرکردہ لوگوں میں سے تمنّا عمادی، مولوی عظیم الدین صدّیقی، ابو یزید محمد دین بٹ، عزیر احمد صدّیقی پیش پیش رہے۔ کچھ ایسے لوگ بھی اس راہ (حمایتِ یزید) پر چل پڑے جو خود کو اہلِ حق کی طرف منسوب کرتے ہیں جیسے مولوی اسحٰق سندیلوی۔ الحمدللہ اہل السنّۃ والجماعۃ نے ہر دور میں اہلِ فتن کا تعاقب کیا، چنانچہ محمود عباسی کی اس دل آزار کتاب کے خلاف کئی کتب شائع ہوئیں جس میں قابل قدر واہم ترین کتاب حکیم الاسلام مولانا قاری طیب صاحب رحمۃ اللہ علیہ مہتمم دارالعلوم دیوبند کی کتاب ''شہید کربلا اور یزید'' قابل قدر ہے۔ علمائے دیوبند نے اس فتنہ کا ایسا تعاقب کیا کہ خود محمود عباسی کو لکھنا پڑا:

''آج کے دورانحطاط میں اس بحث کی بے لاگ تحقیق وریسرچ پر قاسمی صاحب غیظ وغضب میں جامہ سے باہر ہو کر فضول اور لایعنی اعتراضات کی بھرمار شروع کردیں یا دارالعلوم سے کچھ اس قسم کی آوازیں سنائی دینے لگیں جو لکھنؤ کے امام باڑہ غفران مآب کے کسی ذاکر کی زبان سے نکلتی ہیں''۔ (تحقیق مزید: صـ ۳۲۸)

''جب آپ عباسی صاحب کی کتاب میں اس باطل وغلط عقیدہ کو تلاش کریں گے جس کی اصلاح کے لیے جماعت دارالعلوم دیوبند کے تمام افراد قلم برداشتہ بلا کسی ادنیٰ تیاری کے میدانِ صحافت میں کود پڑے''۔ (تحقیق مزید: صـ ۳۸۳)

اسحٰق سندیلوی صاحب اور دیگر یزیدیوں کے جواب میں مولانا قاضی مظہر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ''خارجی فتنہ'' شائع ہوئی اس کے علاوہ مولانا عبد الرشید نعمانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ''یزید کی شخصیت علماء اہل السنّۃ کی نظر'' میں بھی اہم ترین ہے اور حال ہی میں علماء دیوبند کے سرخیل حجۃ الاسلام مولانا قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ سے لے کر موجودہ اکابر کا موقف یزید کے فسق کے متعلق ''یزید علمائے اہل السنّۃ کی نظر میں'' مکتبہ شاہ نفیس لاہور سے شائع ہوئی جو اس سلسلے میں ایک تاریخی ریکارڈ ہے۔

اکابر کے نقش قدم پر چلتے ہوئے محرم الحرام ۱۴۳۸ھ راقم نے یزید کے فسق پر چند تاریخی کتب سے حوالہ جات سکین کر کے احباب کو نیٹ پر اپ لوڈ کرنے کے لیے فراہم کیے جس سے جہاں ایک طرف یزیدیوں کے ہاں صف ماتم بچھ گئی تو دوسری طرف اہل السنّۃ عوام کے دلوں کو سکون اور اس معاملے میں اپنے اعتقاد پر مزید جزم ہو گیا، جب کہ ناواقف حضرات کو بھی اپنے عقیدہ کی اصلاح کا موقع ملا۔ ایک صاحب نے اس پر یہ مشورہ دیا کہ ان سب کو ایک کتابی صورت میں جمع کر کے اگر شائع کر دیا جائے تو اس مسئلہ پر ایک ’’تاریخی دستاویز‘‘ منظر عام پر آجائے گی ان کا یہ مشورہ راقم کو پسند آیا اور اب آپ کے سامنے یزید کے فسق پر اکابر اہل السنّۃ کی کتب کے اصل حوالہ جات پیش خدمت ہیں کتاب کے شروع میں مختصراً یزید کا تعارف یزیدی اشکالات اور عنوان کے مناسب چند فوائد بھی جمع کر دیے۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ راقم کی اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول و منظور فرمائے اور اس کی برکت سے روزِ قیامت راقم کا شمار محبّانِ اہل بیت میں کرے، آمین۔

ساجد خان نقشبندی (حال مقیم جامعہ مدنیہ)

بعد نماز ظہر دوشنبہ ۳۱ر نومبر ۲۰۱۶ء

کردارِ یزید پر ایک نظر

یزید بن معاویہ رضی اللہ عنہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ صخر بن حرب بن امیہ بن عبدالشمس ۲۶ یا ۲۷ ہجری کو ماطرون دمشق شام میں پیدا ہوئے۔
(البدایہ:۱۱/ ۶۳۷، تاریخ دمشق لابن عساکر:۶۵/ ۳۹۷)

۱۵/رجب ۶۰ ہجری کو اپنی بیعت کی تجدید کی اور ۱۴/ربیع الاوّل ۶۴ ہجری تک ولی عہد رہے۔آپ کی والدہ کا نام میسون بنت بحدل بن انیف بن دلجۃ بن قنافہ بن عدی بن زہیر بن حارثہ الکلبی تھا۔عیّاشی و لاابالی پن کی وجہ سے بھاری بھرکم جسم موٹے فربہ تھے (البدایہ:۱۱/ ۶۳۸)

جوانی ہی سے بادشاہ بننے کے لالچ میں تھے اور اس کے حصول کے لیے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے سامنے انتہائی تصنّع و ریا کا مظاہرہ بھی کیا۔(البدایہ:۱۱/ ۶۳۸)

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بڑے ہی نافرمان تھے، چنانچہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ان سے اتنے سخت ناراض ہوئے ایک دفعہ گفتگو بھی ترک کردی جس پر احنف بن قیس نے آپ رضی اللہ عنہ کو سمجھایا کہ اگر ناراضگی اسی طرح رہی تو کہیں آپ کی موت کی تمنّا نہ کرنے لگ جائے جس پر آپ رضی اللہ عنہ نے یہ ناراضگی ختم کی (البدایہ:۱۱/ ۶۳۹-۶۴۰)

ایک دفعہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے یزید سے پوچھا کہ اگر تمہیں امیر بنادوں تو کیسے عامل رہو گے؟ یزید نے فوراً چاپلوسی کرتے ہوئے کہا خدا کی قسم جیسے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تھے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اس پر بڑے خوش ہوئے،(البدایہ:۱۱/ ۶۴۳)

ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ یزید میں کچھ اچھی خصلتیں بھی تھیں (جیسا کہ ہر مسلمان میں ہوتی ہیں)، مگر اس کے باوجود شہواتِ نفسانی پر جری تھے اور بعض نمازوں کے تارک بھی تھے،

(البدایہ:۱۱/۶۴۶)

یہ شعر یزید ہی کے بارے میں پڑھا گیا:

لست منّا و لیس خالک منّا　　　　یا مضیع الصلوٰۃ للشھوات

(البدایہ:۱۱/۶۴۷)

ترجمہ: نہ تو ہم میں سے ہے اور نہ تیرا ننھیال ہم میں سے اے شہوتوں کی خاطر نمازوں کو ضائع کرنے والے۔

حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے قتل پر پہلے بڑے خوش ہوئے مگر بعد میں افسوس کیا۔

(البدایہ:۱۱/۶۵۱)

صحابی رسول عبد اللہ ابن مطیع رضی اللہ تعالٰی عنہ اور ان کے ساتھی کھلّم کھلاّ فرماتے کہ یزید شراب پیتا ہے، نماز کا تارک ہے اور کتاب اللہ کے احکام کو پس پشت ڈالنے والا ہے اور محض لوگوں کو دکھانے کے لیے نماز پڑھتا ہے، (البدایہ:۱۱/۶۵۳، تاریخ الاسلام للذہبی:۵/۲۷۴)

عبد اللہ ابن زبیر رضی اللہ تعالٰی عنہ تو کھلّم کھلاّ خطبے میں اس کا شرابی اور موالی ہونا بیان کرتے، (البدایہ:۱۱/۶۱۷)

یزید انتہائی دیّوث قسم کا آدمی تھا اس نے اپنی ایک باندی سلامہ کو پوری رات اپنے عاشق کے ساتھ گذارنے کے لیے تنہائی میں اس کے ساتھ چھوڑ رکھا تھا اور خود چپکے چپکے اس بے غیرتی کے نظاروں سے لطف اندوز ہو رہا تھا۔ (البدایہ:۱۱/۶۵۷-۶۵۸)

ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ یزید کا شراب خوری، گانے باجے، شکار بازی اور بچّہ بازی اور دیگر قبائح میں ملوّث ہونا مشہور تھا، (البدایہ:۱۱/۶۵۹)

صحابی رسول عبد اللہ ابن حنظلہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کی جب مدینہ والوں نے بیعت کی تو انھوں نے اپنے خطبہ میں یہی کہا کہ ہم نے یزید کی بیعت اسی لیے توڑ دی کہ وہ محرّمات سے نکاح کرنے والا، شراب خور اور نمازوں کو ضائع کرنے والا فاسق بد دین ہے، (تاریخ اسلام للذہبی:۵/۲۷)

یزید صحابی رسول عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالٰی عنہ کو ملحد کہتا تھا، معاذ اللہ۔ (البدایہ: ۱۱/ ۶۱۷)

یزید نے مسلم بن عقبہ کو کہا کہ جب ان (یعنی عبداللہ ابن زبیرؓ) پر غلبہ پالو تو تین دن تک حرمِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہارے لئے حلال ہے، (البدایہ: ۱۱/ ۶۱۷، الکامل: ۳/ ۴۵۶)

اور کہا کہ فتح پانے کے بعد ان کا مال، اسلحہ، کھانا، پیسہ سب لشکرِ یزید کے لیے ہے، (الکامل لابن الاثیر: ۳/ ۴۵۶، المنتظم: ۶/ ۱۳)

چنانچہ انھوں نے مدینہ پر حملہ کیا جس میں صحابی رسول امیر مدینہ عبداللہ بن حنظلہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سمیت جلیل القدر لوگوں کو شہید کیا گیا اور فتح پانے کے بعد مسلم بن عقبہ نے جس کو اس کی ظلم وزیادتی کی وجہ سے تمام مؤرّخین نے ”مسرف“ (حد سے تجاوز کرنے والا) لکھا ہے، یزید کے حکم پر تین دن کے لیے مدینہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قتل و غارت گری اور لوٹ مار کے لیے حلال کر دیا، ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ اس دلخراش حالت کو ان الفاظ کے ساتھ بیان کرتے ہیں:

ثم اباح مسلم بن عقبة الّذی یقول فیه السلف مسرف بن عقبة قبحه اللّٰه المدینة ثلاثة ایام کان امره یزید لاجزاه اللّٰه خیرا و قتل خلقا من اشراقها و قرانها و انتهب اموالا کثیرة منها و وقع شرّ عظیم و فساد عریض۔ (البدایہ: ۱۱/ ۶۱۹-۶۲۰)

یزید پلید اور اس کی گندی فوج کی اوچھی حرکتوں کا اندازہ اس سے لگائیں کہ مدینہ پر اس چڑھائی جسے تاریخ میں ”واقعہ حرّہ“ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے یزیدی فوج کی زیادتیوں سے ایک ہزار عورتوں نے بغیر شادی کے بچے جنے، (البدایہ: ۱۱/ ۵۲۱، المنتظم: ۶/ ۱۵)

یزید کا یہی امیر مسلم بن عقبہ حضرت سعید ابن مسیبؓ کے قتل کے بھی درپے تھا مگر کسی نے کہا کہ یہ مجنون ہے تو چھوڑا، (البدایہ: ۱۱/ ۶۲۲)

اس لڑائی میں مہاجرین و انصار سمیت دس ہزار مظلوموں کو شہید کیا گیا، (البدایہ: ۱۱/ ۶۲۳، تاریخ الخلفاء: صـ ۱۸۲)

علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: واستشهد فیها خلق وجماعة من الصحابة، (تاریخ

الاسلام: ۵ / ۲۳) خلق کثیر اور صحابہ کی ایک جماعت اس واقعہ میں شہید ہوئی۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ واقعہ حرّہ میں سات سو حاملین قرآن یزید کی فوجوں کے ہاتھوں شہید ہوئے، (تاریخ الاسلام: ۵ / ۳۰)

ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے یزید کے اس غلط حکم کی شدید مذمت کرنے کے بعد ان احادیث کو بیان کیا جس میں اہلِ مدینہ کو ڈرانے والوں پر خدا نے لعنت کی اور ان کے ایسے غرق ہونے کی پیشن گوئی کی جیسے نمک پانی میں اور یزید کو اس کا مصداق ٹھہرایا، (البدایہ: ۱۱ / ۶۲۷-۶۲۸-۶۲۹)

ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ انہی احادیث کی بنیاد پر امام احمد بن حنبل، ابو بکر بن عبد العزیز، قاضی ابو یعلی، قاضی ابو الحسین رحمۃ اللہ علیہم وغیرہ یزید پر لعنت کے قائل ہیں اور ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے تو یزید پر لعنت کرنے کے جواز پر ایک مستقل تصنیف لکھی ہے، (البدایہ: ۱۱ / ۶۳۰)

اس کے بعد یزید کی اسی فوج نے منجنیقوں کے ذریعہ خانہ کعبہ پر گولاباری کی حتیٰ کہ اس کی ایک دیوار کو تباہ کر دیا (البدایہ: ۱۱ / ۶۳۴)

اس واقعہ کے علاوہ شہادت حسین رضی اللہ عنہ تو اس کے سیاہ کارناموں میں ایسا کارنامہ ہے جو تاقیامت اس پر ملامت کے لیے کافی ہے۔ بعض یزیدی کہتے ہیں کہ یزید نیک تھا امام حسین رضی اللہ عنہ کا اس سے کوئی اختلاف نہیں تھا، اسی لیے کربلا میں کہا کہ مجھے یزید کے ہاتھ پر بیعت کرنے دو، حالانکہ عقبہ بن سمعان کہتے ہیں کہ میں حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ کوفہ کی طرف نکلنے سے شہادت تک رہا بعض لوگ کہتے ہیں کہ وہ یزید کے ہاتھ میں ہاتھ دینا چاہتے ہیں جھوٹ ہے ان کا صرف ایک مطالبہ تھا کہ مجھے واپس اپنے مکان کی طرف جانے دو، (الکامل لابن اثیر: ۳ / ۴۱۳)

یزید ہی وہ بد بخت ہے جس نے امام حسین رضی اللہ عنہ کے سر مبارک کو اپنی چھڑی سے مارا جس پر ابو برزہ اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ تجھے شرم نہیں آتی کہ ان ہونٹوں کو مارتا ہے جن کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نے بوسہ دیا خدا کی قسم قیامت کے دن تیرا شفیع ابن زیاد جیسے لوگ ہوں گے اور حسین کے شفیع محمد ﷺ ہوں گے، اس ولولہ انگیز تقریر پر یزید کو شرم آئی اور مگرمچھ کے آنسو بہانے لگ گیا۔
(الکامل: ۳/۴۳۷-۴۳۸، المنتظم: ۵/۳۴۲)

یزید اہل بیت کا بہت بڑا گستاخ تھا چنانچہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی بیٹی محترمہ حضرت زینب کو کذّاب عورت کہتا اور کہا کہ حسین اپنے باپ کے دین سے نکل چکا تھا اور اللہ کا دشمن کہا، اس انداز پر حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے کچھ شرم دلائی کہ یہ انداز ہے آل بیت سے گفتگو کا؟ جس پر اس بے ایمان لعنتی کو حیاء آئی، (الکامل: ۳/۴۳۸، المنتظم: ۵/۳۴۴)

ابن اثیر رحمۃ اللہ علیہ نے صاف لکھا کہ جب امام حسین رضی اللہ عنہ کا سر اس کے پاس پہنچا تو وہ اس پر بہت خوش ہوا مگر جب لوگوں کے غم وغصّہ اور لعنت ملامت کا پتہ چلا تو مگرمچھ کے آنسو بہانے شروع کر دیے اور عبداللہ ابن زیاد کو کوسنا شروع کر دیا کہ یہ سب اس کا کیا دھرا ہے، میں ہوتا تو حسین کو قتل نہ کرتا، (الکامل: ۳/۴۳۹)

مدینہ کے لوگوں کا یزید کے بارے میں یہ عقیدہ تھا کہ شرابی کبابی کتّوں سے کھیلنے والا بے دین آدمی ہے، (الکامل: ۳/۴۵۰)

علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: قلت ولما فعل یزید باھل المدینۃ ما فعل وقتل الحسین واخوتہ واٰلہ وشرب یزید الخمر وارتکب اشیاء منکرۃ بغضہ الناس وخرج علیہ غیر واحد ولم یبارک اللہ فی عمرہ۔ (تاریخ الاسلام: ۵/۳۰)

یزید نے جو مظالم کرنے تھے جب وہ کر چکا اور اس کے علاوہ امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ان کے ساتھیوں اور آل بیت کو شہید کرنا، شراب خوری کرنا جب کہ دیگر منکرات میں ملوث ہونے کی وجہ سے عوام اس کے خلاف سخت اشتعال میں آگئے اور کئی لوگوں نے اس کے بعد اس کی بیعت کو توڑ دیا اور اللہ نے ان مظالم کے بعد اس کی عمر میں بھی برکت نہ رکھی۔

آج یزیدی اپنے اس شرابی، فاسق، ظالم، قاتل امام کو معاذ اللہ "امیر المومنین" کہتے ہیں

جب کہ اموی خلیفہ حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ نے یزید کو امیر المومنین کہنے پر ایک شخص کو بیس کوڑے لگوائے، (تاریخ الاسلام للذہبی: ۵ / ۲۷۵، تاریخ الخلفاء: صـ ۱۸۲)

کاش! آج بھی کوئی عمر بن عبد العزیزؒ ہوتا تو ان بدبختوں کے قلم اور زبان کو لگام دیتا!!

نوٹ: چونکہ کتاب میں تفصیل مطلوب نہیں اس لیے اختصار سے کام لیا گیا ہے یزید کا شراب پینا اور واقعہ حُرّہ میں سینکڑوں صحابہ کو شہید کروانا اور عورتوں سے زنا کروانا صحیح اسناد کے ساتھ ثابت ہے تفصیل کے لیے حضرت مولانا طاہر حسین گیاوی صاحب مدظلہ العالی کی کتاب ''شہید کربلا اور کردار یزید'' کا مطالعہ کریں یا محترم طحاوی حنفی صاحب زید مجدہ کی ''مقدمہ امام حسینؓ'' جو کفایت اللہ سنابلی صاحب کی کتاب کے جواب میں ہے کا مطالعہ کریں۔

اشکالات

اعتراض: حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اوّل جیش من امّتی یغزون مدینۃ قیصر مغفور لھم (بخاری) میری امت کا پہلا گروہ جو قیصر روم یعنی قسطنطنیہ پر حملہ کرے ان کیلئے مغفرت ہے اور یزید نے قسطنطنیہ پر حملہ کیا۔

الجواب: ہمارا مدّعیٰ یہ ہے کہ یزید فاسق ہے یہ حدیث ہمارے عقیدہ کے خلاف نہیں کیونکہ فسق اور مغفرت ایک ساتھ جمع ہو سکتے ہیں قرآن میں اللہ نے واضح اعلان کر دیا کہ شرک کے علاوہ جس گناہ (شراب خوری، محرمات سے زنا، مسلمانوں کا قتل، نماز کا ترک کرنا وغیرہ) کو اللہ معاف کرنا چاہے کردے گا۔ مشہور حدیث ہے کہ من قال لا الہ الاّ اللّٰہ دخل الجنّۃ یعنی جو لا الہ الا اللہ کہہ دے جنّت میں داخل ہوگا تو کیا اب ہر زانی شرابی کبابی مرزائی بدعتی کو امیر المومنین ولی اللہ اور قطعی جنّتی کہو گے؟

اعتراض: شارحینِ حدیث نے اس سے یزید کے جنّتی ہونے پر استدلال کیا ہے۔

الجواب: جھوٹ! یہ قول ابن مہلب کا ہے اور شارحین نے اس کے اس قول کی تردید کی ہے، چنانچہ علامہ قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ اس کے جواب میں فرماتے ہیں:

محدّث ابن تین اور محدّث ابن المنیر نے محدث المھلب کا تعاقب کیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ حدیث کے اس عموم میں یزید کے داخل ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ کسی اور خاص دلیل کی بناء پر اس عموم سے خارج نہ ہو کیونکہ اہلِ علم میں سے کوئی بھی اس سے اختلاف نہیں کرتا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا مغفور لھم فرمانا اس بات کے ساتھ مشروط ہے کہ وہ اہلِ مغفرت میں سے ہو حتیٰ کہ اگر کوئی ان میں سے مرتد ہو جائے تو اس جہاد کے بعد تو بالاتفاق اس عموم میں داخل نہیں ہوگا پس یہ اس امر کی دلیل ہے کہ مغفور لھم سے مراد حدیث میں وہ لوگ ہیں جن میں مغفرت کی شرط پائی جائے۔ (شرح قسطلانی: ۳ / ۶۵، عمدۃ القاری: ۱۴ / ۱۹۸)

بعض لوگ کہتے ہیں کہ جہاد قسطنطنیہ میں صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین یزید کی امارت میں تھے حالانکہ

علّامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

الاظہر ان ھولآء السادات من الصحابۃ کانوا مع سفیان ھذا لم یکونوا مع یزید لانہ لم یکن اھلا ان یکون ھولآء السادات فی خدمتہ۔

(عمدۃ القاری: ۱۴/ ۱۹۷-۱۹۸)

زیادہ مناسب بات یہ ہے کہ یہ سادات صحابہ نے حضرت سفیان بن عوف کی امارت میں اس جہاد کو سرانجام دیا نہ کہ یزید بن معاویہ رضی اللہ عنہ کی امارت میں، کیونکہ یزید اس لائق ہی نہ تھا کہ یہ سادات اس کے زیرِسایہ کوئی دینی خدمت سرانجام دیں۔

علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

لا یلزم منہ کون یزید بن معاویۃ رضی اللہ عنہ مغفورا لہ لکونہ منھم لانّ الغفران مشروط بکون الانسان من اھل المغفرۃ و یزید لیس کذالک لخروجہ بدلیل خاص.... وقد اطلق جمع محققون حل لعن یزید۔

(فیض القدیر شرح جامع صغیر: ۱/ ۳۸۹، رقم: ۲۸۱۱)

اس حدیث سے یہ لازم نہیں آتا کہ یزید کی مغفرت ہوگئی کیونکہ وہ بھی اس غزوہ والوں میں سے تھا اس لیے کہ مغفرت کی یہ بشارت مشروط ہے کہ وہ مغفرت کا اہل ہو (اور یزید فسق کی وجہ سے ایسا نہ تھا کیونکہ دلیل خاص (فسق فجور جو کہ تواتر سے ثابت ہے) کی وجہ سے وہ اس حدیث کے عموم سے نکل چکا ہے اور محقّقین کی ایک جماعت نے یزید پر لعنت کرنے کو جائز کہا ہے۔

یہ بھی سمجھیں کہ اس حدیث میں قسطنطنیہ پر پہلا حملہ کرنے والے کو بشارت دی گئی ہے اور ابو داؤد کتاب الجہاد رقم الحدیث (۲۵۱۲) عبدالرحمن بن خالد بن عبدالولید یہ قسطنطنیہ پر حملے میں امیر تھے ان صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتقال ۴۶ھ میں ہوا (الاصابہ فی معرفۃ الصحابہ)

قسطنطنیہ پر کل اٹھّارہ حملے ہوئے نو حملے سردیوں میں ہوئے نو گرمیوں میں، گرمیوں کے حملوں میں صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سفیان بن عوف کو امیر بتاتے ہیں یہ سن ۵۳ ہجری میں فوت ہوئے، ۵۳ سے نو منہا کردیں تو پہلا حملہ ۴۴ ہجری بنتا ہے اور تمام مؤرّخین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یزید کا قسطنطنیہ پر حملہ سن ۵۰ یا ۵۱ ہجری کا تھا لہذا ان دونوں دلیلوں سے اس کا اوّل جیش ہونا ثابت نہیں ہوا۔

تیسری دلیل علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے جب ۳۲ ہجری کے واقعات لکھنا شروع کیے تو شروع ہی میں لکھا کہ اسی سال حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے قسطنطنیہ پر حملہ کیا (المنتظم: ۵ / ۱۹) گویا پہلا حملہ سن ۳۲ ہجری کا بنتا ہے اور یزید کی تاریخ پیدائش ہم نے ماقبل میں نقل کر دی کہ سن ۲۷ ہجری ہے یعنی جس وقت یزید ۵ سال کا بچّہ تھا قسطنطنیہ پر حملہ ہو چکا تھا۔لہٰذا اوّل جیش میں نہ ہوئے تو اس بشارت کے مصداق بھی نہ ہوئے۔

اعتراض: یزید اگر فاسق تھا تو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اس کی بیعت کیوں نہ توڑی۔

الجواب: امت مسلمہ میں کئی فاسق فاجر حکمران گزرے ہیں ان کی بیعت سینکڑوں لاکھوں علماء صلحاء اتقیاء نے کی، انہی کے دور میں کیا کیا مظالم نہیں ہوئے مگر کسی نے بیعت نہ توڑی تو کیا یہ ملوک ''امیر المومنین'' - ''رحمۃ اللہ علیہ'' - ''رضی اللہ تعالیٰ عنہ'' ہو گئے؟ کچھ تو ہوش سے کام لو۔

حضرت عبد الرحمٰن بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مروان کے حکم پر یزید کی بیعت نہیں کی، اسے جعلی بادشاہ کہا (بخاری کتاب التفسیر) حضرت عبد اللہ ابن زبیر، حضرت ابو عمرو بن حفص، معقل بن سنان، محمد بن ابی الجہم رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم عبد اللہ ابن مطیع صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم عبد اللہ ابن حنظلہ، نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم حضرت امام حسین رضی اللہ عنہم نے یزید کی بیعت نہیں کی، جواب دیں کیا یہ جلیل القدر صحابہ (جن میں اصحابِ بیعتِ رضوان اور صلح حدیبیہ میں شریک صحابہ بھی شامل ہیں جن کو یزید کی فوج نے واقعہ حرہ میں شہید کر دیا تھا) ان کی کوئی حیثیت نہیں؟ کیا ان صحابہ کا فعل آپ نظر نہیں آتا؟ پھر اگر جمہور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے امام حسین رضی اللہ عنہ کا ساتھ نہیں دیا تو انھوں نے یزید کا بھی تو ساتھ نہیں دیا؟

محمود عباسی صاحب لکھتے ہیں:

''اس زمانہ میں صحابہ کی کثیر تعداد حجاز و شام و بصرہ و کوفہ و مصر میں موجود تھی ان میں سے کوئی بھی یزید کے خلاف نہ کھڑا ہوا نہ خود اور نہ حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ اور نہ انھوں نے یزید کے ساتھ ہو کر قتال کیا بلکہ اس فتنہ سے الگ تھلگ رہے''۔ (اتمام الوفاء فی سیرۃ الخلفاء: صـ ۱۴ بحوالہ تحقیق مزید: صـ ۳)

مزید اس گروہ کے محمود عباسی صاحب یہ اصول لکھتے ہیں:

''صحابہ کی عظیم اکثریت نے ان کی سیاسی سرگرمیوں میں ان کا ساتھ نہیں دیا قواعدِ شرعیہ

کے مطابق جب ایک شخص سے بیعت کرلی جائے تو پھر اس کی سیاسی اقدامات میں اس کا ساتھ دینالازمی ہے اقدام سے پہلے ہر شخص کو موافق ومخالف رائے دینے کا حق تھا لیکن جب امام فیصلہ کرلے تو پھر امام کی متابعت سے گریز کا کوئی جواز نہیں مفروض الطاعۃ کے معنیٰ ہی یہی ہیں کہ صرف امام کے اجتہاد پر عمل ہو......صحابہ کرام جب اجتماعی عبادات میں اپنا فقہی اجتہاد چھوڑ دیتے تو سیاسی معاملات میں بدرجہ اولیٰ وہ امام کا اتّباع واجب جانتے تھے لیکن ہم دیکھتے یہ ہیں کہ جمل وصفّین کی جنگوں میں شرکت سے اکابر صحابہ اور امت کی عظیم اکثریت نے احتراز کیا صحاح میں صحابہ کے ایسے اقوال متعدد جگہ مروی ہیں جن سے اس کا ثبوت ملتا ہے کہ وہ ان جنگوں میں شریک ہونا درست نہیں سمجھتے تھے اس کا صریح مطلب یہ ہوا کہ انھوں نے حضرت علیؓ کو مفروض الطاعۃ نہ سمجھا اور ایسا وہ سمجھ نہیں سکتے تھے اگر ان کے ہاتھ پر بیعت کرچکے ہوتے اور آئینی انتخاب ہوا ہوتا''۔(تبصرہ محمودی: صـ ۱۳۰-۱۳۱)

پس اگر یزید کا بھی آئینی انتخاب ہوا ہوتا اور صحابہ رضی اللہ عنہم اس کے ہاتھ پر بیعت کرچکے ہوتے تو اس جنگ میں الگ تھلگ نہیں رہتے ان کا الگ رہنا ہی اس بات کی دلیل ہے کہ کثیر صحابہ رضی اللہ عنہم نے بیعت نہیں کی۔

ثالثا: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اسی عمل سے علماء وفقہاء نے یہ اصول نکالا ہے کہ اگر خلیفہ ایک بار تسلّط حاصل کرلے تو وہ فاسق ظالم ہی کیوں نہ ہو وہ معزول نہیں ہوتا اس کی بیعت نہیں توڑنی چاہیئے، خوف وفتنہ کی وجہ سے۔جمہور صحابہ وامّت کا موقف یہی ہے جبکہ امام حسین رضی اللہ عنہ کا موقف یہ تھا کہ فسق سے خلیفہ معزول ہوجاتا ہے۔اس لئے جمہور نے امام حسین رضی اللہ عنہ کا ساتھ نہ دیا جنابِ من صحابہ رضی اللہ عنہم کا یہ عمل تو خود یزید کے فسق پر ایک اور دلیل ہے۔اس اصول کو مندرجہ ذیل علماء نے یزید کی حکمرانی کے ذیل میں لکھا ہے:

حافظ ابن حجر عسقلانی (فتح الباری کتاب الفتن: ۱۳/ ۶۱) شیخ الاسلام ابن تیمیہ (منہاج السنّۃ: ۳/ ۸۷) نووی (شرح مسلم: ۲/ ۱۲۶-۳۸۹) مقدمہ ابن خلدون: صـ ۲۱۲ رحمۃ اللہ علیہم وغیرہم۔

مسئلہ لعن یزید

امت مسلمہ میں ''فسق یزید'' ایک اجماعی مسئلہ ہے۔البتہ اس کی تکفیر ولعن میں امت کا اختلاف رہا ہے۔مگر حیرت ہے کہ آج جہالت وتنگ نظری کی وجہ سے لعن وتکفیر کو شیعیت اور سبائیت کا لقب دیا جارہا ہے۔حالانکہ کسی مسئلہ میں جب ائمہ کا اختلاف ہوجائے تو اس میں تخفیف ہوجاتی ہے۔ان مسائل میں کسی ایک جانب کو لیکر دوسری جانب کی مکمل تغلیط بلکہ اس پر گمراہی و ضلالت کے فتوے لگانا خود ضلالت ہے کہ اس صورت میں امت مسلمہ کے ایک معتد بہ حصہ کو گمراہی پر ماننا پڑے گا اسی کا نام شدت انتہا پسندی اور فرقہ واریت ہے۔اب دیکھیں ''سماع موتی'' ایک اختلافی مسئلہ ہے قائلین وعدم قائلین دونوں گروہ موجود ہیں دونوں کے سروں پر جید علما کھڑے ہیں دلائل کی روشنی میں آپ جس نظریہ کو اپنانا چاہیں آپ کو اس کا اختیار ہے۔اختلاف وانتشار تب ہوگا جب آپ کسی ایک جانب کو لے کر جانب مخالف کو قطعی گمراہی پر قرار دیں۔''کفر یزید و لعن یزید'' بھی اسی قسم کے مسائل میں سے۔حنابلہ،شوافع اور خود احناف میں سے بعض لعن یزید بلکہ تکفیر یزید کے قائل ہیں۔اس صورت میں آپ زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ مسلک راجح نہیں لیکن اس پر رافضیت کا الزام لگانا ظلم عظیم ہے۔تکفیر یزید کے بارے میں امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کا نظریہ اس قدر معروف ومشہور ہے کہ اس پر کسی دلیل کی ضرورت ہی نہیں۔امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تو قرآن کی آیات سے یزید پر لعنت کے جواز کے قائل تھے۔

بہرحال مسئلہ کی وضاحت کے لیے ہم یہاں لعن یزید کے بارے میں کچھ معروضات پیش کریں گے:

(۱)......ابن الجوزی المتوفی ۵۹۷ھ نے یزید پر لعنت کے جواز پر ایک پوری کتاب ''الرد علی المتعصب العنید المانع عن ذم یزید'' لکھی۔

(۲)......فقیہ الکیاہراسی رحمہ اللہ جو امام غزالی کے شاگرد اور اپنے وقت کے مایہ ناز فقیہ تھے (تفصیل کیلئے تاریخ ابن خلکان ملاحظہ ہو) وہ لعن یزید کے بارے میں چاروں آئمہ مجتہدین کے اقوال کا خلاصہ یوں نقل کرتے ہیں:

امام احمد بن حنبل سے لعن یزید کے بارے میں دو قول منقول ہیں ایک لعنت کے جواز کو دوسرے لعنت کے عدم جواز کا، یہی کچھ امام مالک و امام ابو حنیفہ سے منقول ہے۔ اور امام شافعی سے اس باب میں صرف ایک ہی قول نقل ہے اور وہ ہے لعنت کے جواز کا۔ مکمل عبارت ملاحظہ ہو:

اما قول السلف ففیه لاحمد قولان تلویح و تصریح، ولمالك قولان تلویح وتصریح، لابی حنیفة قولان تلویح تصریح ولنا قول واحد التصریح دون التلویح

"۔

(تاریخ ابن خلکان، ج ۲ص ۲۸۷)

(۳)...... امام الکیا ہراسی کا یہی قول علامہ حلبی نے اپنے معروف سیرت میں بھی نقل کیا ہے،
(ملاحظہ ہو سیرت حلبیہ مترجم جلد اول ص ۵۲۹)

(۴)...... علامہ حلبی نے اپنے استادوں کا نظریہ بھی یہی لکھا ہے کہ وہ یزید پر لعنت کو جائز سمجھتے تھے۔
(ملاحظہ ہو تفصیل سیرت حلبیہ مترجم، جلد اول، ص ۵۲۹)

(۵)...... علامہ آلوسی حنفی رحمہ اللہ کی شخصیت سے کون واقف نہیں ان کی مایہ ناز تفسیر "روح المعانی"، کسی اہل علم کی نظر سے پوشیدہ نہیں آج کوئی لائبیری ایسی نہیں جس کی زینت یہ کتاب نہ ہو وہ لکھتے ہیں کہ:

شیخ الاسلام سراج البلقینی اس طرف گئے ہیں کہ شخص معین پر لعنت جائز ہے اور اس کیلئے صحیحین کی اس حدیث کا استدلال بنایا ہے جس میں حضور ﷺ نے فرمایا کہ فرشتے اس عورت پر لعنت کرتے ہیں جسے اس کا شوہر وظیفہ زوجیت کے بلائے اور وہ انکار کر دے۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں کہ اگر اس استدلال کو درست مان لیا جائے یعنی شخص معین پر لعنت کے جواز کو درست مان لیا جائے تو ہم یزید پر لعنت کرنے میں بالکل بھی توقف نہیں کریں گے بوجہ اس کے اوصاف خبیثہ اور گناہ کبیرہ کی کثرت کی وجہ سے۔

(روح المعانی، ج ۲۳، ص ۷۲)

(۶)...... علامہ تفتازانی کی شرح عقائد داخل نصاب ہے اس میں دوٹوک الفاظ میں موصوف

لکھتے ہیں کہ حق بات یہ ہے کہ یزید حضرت امام حسین کے قتل پر خوش ہوا تھا اللہ کی لعنت ہو یزید اور اس کے اعوان وانصار پر۔

(شرح عقائد،ص ۱۹۶)

(۷)......شرح عقائد کی اسی عبارت کو نبراس کے حوالے سے حضرت مولانا عبد الستار تونسوی صاحب رحمہ اللہ نے شیعہ مناظر کے سامنے اہلسنت کے نظریہ کے طور پر پیش کیا۔

(ملاحظہ ہو مناظرہ باگڑ سرگانہ،ص ۲۱۶)

(۸)......امام ابن الشحنہ الحنفی رحمہ اللہ احناف کا ایک قول جواز لعن یزید ہی کا نقل کرتے ہیں۔

(ملاحظہ ہو: لسان الحکام فی معرفۃ الاحکام،ص)

(۹)......اسی قول کی تائید کرتے ہوئے اور اسے نقل کرتے ہوئے احناف میں سے فقیہ امام کردری المعروف بابن قاضی لکھتے ہیں کہ یزید پر لعنت جائز ہے مگر مناسب ہے کہ نہ کی جائے اور امام قوام الدین صفاری لعنت یزید کو جائز سمجھتے۔اور حق بات بھی یہی ہے کہ یزید پر لعنت اس کے کفر کی شہرت کی وجہ سے کرنا جائز ہے۔

(فتاوی قاضی خان، ج ۲،ص ۱۹۳، دارالفکر)

احناف کے ان حوالہ اور مولانا عبد الستار تونسوی صاحب کی تائید کے بعد خود یہ مسئلہ احناف وعلمائے دیوبند میں مختلف فیہ ہوگیا ہے گویا بعض جید علما احناف میں سے بھی لعن یزید کی طرف گئے ہیں۔

(۱۰)......شیخ علی محمد الصبان نے بھی امام احمد بن حنبل اور ابن جوزی سے جواز لعن یزید کو ذکر کیا اور فرمایا امام قاضی ابو یعلی نے مستحقین لعنت کے بارے میں ایک کتاب لکھی اس میں یزید کو شامل کیا۔

(اسعاف الراغبین ،ص ۷۵)

تلك عشرة كاملة

البتہ جمہور احناف اور ان کی اتباع میں جمہور علمائے دیوبند کا مسلک یہی ہے کہ یزید پر لعنت مناسب نہیں یہی ہمارا مسلک ہے۔لیکن لعن کرنے والوں پر طعن وتشنیع کرنا حقیقت میں ان اکابر پر طعن وتشنیع ہے۔یاد رہے کہ جو لوگ لعن جواز کے قائل نہیں وہ اس لئے نہیں کہ یزید

اس کا مستحق نہ تھا بلکہ وہ یزید کو اس کا مستحق تو جانتے ہیں مگر اس کام کو کوئی سودمند و فائدہ مند نہیں سمجھتے اس لئے منع کرتے ہیں۔

(یہی توجیہ ملا علی قاری نے اور قاضی مظہر حسین صاحب نے خارجی فتنہ میں لکھی ہے۔گویا مانعین کے نزدیک بھی یزید لعنت کا مستحق تو ہے مگر اس میں کوئی فائدہ نہیں لہذا بے فائدہ کام کی وجہ سے منع کیا)

اس ساری تفصیل کے بعد یہ مسئلہ کھل کر آ گیا ہے کہ جید علمائے کرام جن میں مجتہدین تک شامل ہیں سے ''لعن یزید'' کا جواز ملتا ہے بلکہ تکفیر تک کا قول ملتا ہے۔اب اس قول کو دلیل کی بنیاد پر اختیار کرنے والے یا ان ائمہ کی تقلید میں اختیار کرنے والوں پر طعن تشنیع شیوہ اہلسنت نہیں بلکہ خارجیت وگمراہی ہے۔اس ساری تفصیل کے بعد ایک ناصبی شیخ الحدیث کے یزیدی لونڈے کی اس ہرزہ سرائی کو ملاحظہ فرمائیں:

''اس لیے یزید کو کافر کہنے والے بھی ہمارے نزدیک رافضیت زدہ ہیں کیونکہ اہل سنت کا مسلک یزید کے کافر ہونے کا نہیں ہے''

کیا یہ ان اکابر پر کھلم کھلا تبرا نہیں؟ کیا یہ اکابر معاذ اللہ رافضی تھے اور اہلسنت سے خارج تھے؟ اگر یہ سبائیت ہے تو انہیں کے نام پر آپ کے والد قوم سے چندہ مانگتے اور اس چندے پر تمہاری پرورش کی تم میں غیرت ہوتی تو اپنے باپ سے کہتے ہیں کہ اپنی مسند حدیث پر بیٹھ کر ان علما پر رافضیت کا فتوی لگاو جو یزید کو کافر لعنتی کہہ رہے ہیں اور آج بھی میرا چیلنج ہے کہ کوئی ناصبی جو اپنی نسبت اہلسنت کی طرف کرتا ہے وہ اہلسنت کے مراکز میں بیٹھ کر ان علما کے یہ اقوال بیان کر کے پھر ان پر ذرا رافضیت کے فتوے لگانے کی جرات کرے دیدہ باید۔

نوٹ: جمہور احناف و جمہور علمائے دیوبند کی تقلید میں ہم بھی کہتے ہیں کہ یزید پر لعنت کوئی مہتم بالشان دینی امر نہیں اس لئے نہ کرنا ہی بہتر ہے۔لیکن جو لوگ دلائل کی روشنی میں ایسا کرتے ہیں ان پر فتوی بازی کھلم کھلا گمراہی ہے۔

هذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

تقی الدّین ابو العباس احمد بن عبدالحلیم ابن تیمیہ الحرانی اور یزید

قیل للإمام أحمد: أتكتب الحديث عن يزيد؟ فقال: لا، ولاكرامة أو ليس هو الذي فعل بأهل الحرّة ما فعل؟

وقيل له: إنّ قوما يقولون: إنّا نحبّ يزيد: فقال: وهل يحبّ يزيد أحد يؤمن بالله واليوم الآخر؟ (راس الحسین، ص ۲۰۵)

(مفہوم) امام احمد بن حنبل سے کہا گیا کہ کیا آپ یزید سے حدیث روایت کرتے ہیں فرمایا نہیں اور اس کا کوئی ایسا مقام بھی نہیں کہ اس سے حدیث روایت کی جائے کیا یہ وہی شخص نہیں جس نے اہل حرہ کے ساتھ قیامت خیز مظالم کئے۔ امام احمد کو کہا گیا بعض لوگ تو کہتے ہیں کہ ہم یزید سے محبت کرتے ہیں امام احمد بن حنبل نے فرمایا بھلا جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے کیا وہ بھی یزید سے محبت کر سکتا ہے؟

وَخَيْرٌ مِنَ الْحَجَّاجِ بْنِ يُوسُفَ فَإِنَّهُ أَظْلَمُ مِنْ يَزِيدَ بِاتِّفَاقِ النَّاسِ وَمَعَ هَذَا فَيُقَالُ: غَايَةُ يَزِيدَ وَأَمْثَالِهِ مِنَ الْمُلُوكِ أَنْ يَكُونُوا فُسَّاقًا، (منهاج السنّة النبویہ: ج ۴، ص ۵۶۴)

(مفہوم) یزید حجاج بن یوسف سے اچھا تھا حالانکہ حجاج یزید سے زیادہ ظالم تھا (یہاں اسم تفصیل کا صیغہ استعمال کیا گیا ہے یعنی ظالم تو دونوں تھے مگر حجاج یزید سے زیادہ ظالم تھا) بالاتفاق۔ اس کے باوجود زیادہ سے زیادہ یزید اور اس جیسے ملوک کے بارے میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ فاسق تھے۔

أَمَّا تَرْكُ مَحَبَّتِهِ فَلِأَنَّ الْمَحَبَّةَ الْخَاصَّةَ إِنَّمَا تَكُونُ لِلنَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِينَ ؛ وَلَيْسَ وَاحِدًا مِنْهُمْ وَقَدْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "{ الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ } " وَمَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ : لَا يَخْتَارُ أَنْ يَكُونَ مَعَ يَزِيدَ وَلَا مَعَ أَمْثَالِهِ مِنَ الْمُلُوكِ ؛ الَّذِينَ لَيْسُوا بِعَادِلِينَ. (مجموعہ فتاوی: ۴ / ۴۸۴)

(مفہوم) یزید سے محبت نہ کرنے کی وجہ تو یہ ہے کہ خاص محبت تو نبیوں صدیوں شہیدوں صالحین سے کہ جاتی ہے اور یزید ان میں سے کسی میں سے بھی نہ تھا (یعنی صالح بھی نہ تھا) اور نبی کریم ﷺ کی حدیث ہے کہ قیامت کے روز آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس کے ساتھ اس کو محبت ہے (اب اس حدیث کی روشنی میں) جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے کبھی اس بات کو اختیار نہیں کرے گا کہ یزید جیسے لوگوں سے محبت کر کے قیامت کے روز اس کا حشر یزید اور اس جیسے فاسق امرا کے ساتھ ہو جو کہ ہرگز عادل نہ تھے۔

محمود احمد عبّاسی کے چند گستاخانہ نظریات

(مؤلّف خلافتِ معاویہ و یزید)

اہل السنۃ والجماعۃ کے موجودہ طبقہ کے ہاں ''ناصبی یزیدی'' اسے کہا جاتا ہے کہ جو یزید علیہ ما علیہ کو نیک وصالح مانتا ہو، امام حسین علیہ السلام کے خروج کو بغاوت سے تعبیر کرتا ہو اور یزید کے فسق وفجور کو بیان کرنے کو شیعہ نوازی کہتا ہو نیز اہل بیت کی گستاخی اعلانایا درپردہ میں بھی ملوث ہو۔ برصغیر میں اس گروہ کے سربراہ ''محمود احمد عباسی'' صاحب ہیں۔ اس گروہ نے دشمنان صحابہ کی مخالفت کا نعرہ لگا کر بڑے شاطرانہ طریق سے اہل سنت میں اہل بیت خصوصا حضرت امام علی و امام حسین رضی اللہ تعالی عنہما کے خلاف گستاخانہ خیالات ونظریات کو پروان چڑھانے کی سعی مذموم کی اور ان دو جلیل القدر صحابہ پر امیر المومنین حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ اور ان کے ناخلف بیٹے یزید کی برتری ثابت کرنے کیلئے اول الذکر جلیل القدر اصحاب کی خوب توہین کی۔

الحمد للہ! اہل السنۃ والجماعۃ نے اپنے شاندار ماضی کے تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے بروقت اس فتنے کا قلع قمع کیا۔ جبکہ موجودہ دور میں حضرت مولانا عبد الجبار سلفی صاحب زید مجدہ اور ان کے رسالہ ''حق چار یار'' اس فتنے کی سرکوبی کیلئے ہمہ تن مصروف ہے۔

محمود احمد عباسی صاحب کی بدنام زمانہ کتاب ''خلافت معاویہ و یزید'' کو بعض ناعاقبت اندیشوں نے محض چند ٹکے بٹورنے کیلئے ایک دفعہ پھر شایع کر کے اس فتنہ خوابیدہ کو جگانے کی ہمیشہ کی طرح ناکام کوشش کی لیکن انہیں اپنے فتنہ پرور نفس کی تسکین کا سامان مہیا کرنے کے سوا کچھ بھی حاصل نہ ہوا۔ لاہور کے ایک مرد مجاہد نے اس قسم کے کاروباری لوگوں کو نشانہ عبرت بنانے کیلئے ان کے خلاف قانونی کاروائی کا آغاز کیا جس کا سب کو حق ہے (اور خود اس گروہ کے بعض لوگ بھی اس حق کو استعمال کر چکے ہیں بلکہ اس ناشر کی طرف سے تو حال ہی میں ہمارے

ایک ساتھی کو قانونی کاروائی کی دھمکی بھی دی گئی) دعا فرمائیں کہ اللہ پاک اس میں کامیابی عطا فرمائے۔آمین

بہر حال یہ تو چند باتیں جملہ معترضہ کے طور پر آ گئیں۔موجودہ صورتحال میں بندے نے ضروری سمجھا کہ محمود احمد عباسی کے بعض گمراہ کن نظریات آپ کے سامنے پیش کردوں تاکہ آپ کو اندازہ ہو کہ کس قسم کے عقائد صحابہ کی ناموس کی آڑ میں شائع کئے جا رہے ہیں،سو ملاحظہ ہو:

امام حسین علیہ السلام کی صحابیت کا انکار

عباسی صاحب لکھتے ہیں:

''اتنی چھوٹی سی عمر تمیز کی عمر نہیں ہوتی بعض آئمہ نے تو اس کے بڑے بھائی حضرت حسن کو جوان سے سال بھر کے قریب بڑے زمرہ صحابہ کے بجائے تابعین میں شامل کیا''، (خلافت معاویہ و یزید،ص ۱۴۶)

امام حسین رض کی مفروضہ صحابیت (معاذ اللہ)

یہ عنوان ہمارا نہیں بلکہ عباسی صاحب کی کتاب کا ہے ملاحظہ ہو: ''تحقیق مزید،ص ۷۰ ''۳

اور آگے عباسی صاحب اس انداز میں امام حسین علیہ السلام کی صحابیت کا مذاق اڑاتے ہیں:

''خدا ہی جانے حضرت حسین کی بے نہایت ذکاوت و فراست اور تدبیر و تدبر کے وہ جلوے مہتمم صاحب کو تاریخ کی کس دوربین سے نظر آئے جن کے اظہار کا صرف ایک ہی موقع حضرت حسین کو ملا تھا اور اسی موقع پر ان کی سیاست ان کی مردم شناسی،ان کے تدبر اور ان کے قائدانہ صلاحیتوں کا تار پود حالات کے بے رحم ہاتھوں نے بکھیر کے رکھ دیا''۔(تحقیق مزید،ص ۷۱ ۳)

یہ کتاب عباسی صاحب نے اپنی کتاب ''خلافت معاویہ و یزید'' کے دفاع میں لکھی ہے۔حضرت حکیم الاسلام قاری طیب صاحب مرحوم کی کتاب کے جواب میں۔

کیا کوئی ناصبی صحابہ کا نام لیوا یہی انداز ہمیں تحقیق کی بنیاد پر حضرت امیر معاویہؓ کے بارے میں اختیار کرنے کی اجازت دے گا؟

امام حسین علیہ السلام ناعاقبت اندیش تھے (معاذ اللہ)

عباسی صاحب کا یہ سوقیانہ طرز تحریر ملاحظہ ہو:

''حضرت حسین رض کے دوراندیش دوستوں نے لاکھ منت سماجت کی کہ ایسی خطرناک مہم کے اندر ''**ناعاقبت اندیشانہ**'' اپنے کو جوکھم میں نہ ڈالیں ان لوگوں کے مواعید اور مصنوعی جوش و ولولہ پر اعتماد نہ کریں جنہوں نے ان کے والد سے دغا کی اور ان کو دھوکا دیا تھا۔ مگر حسین رض نے ''**حب جاہ کی مہلک ترغیبات پر کان دھرنے کو ترجیح دی**'' اور ان لاتعداد خطوط و دعوت ناموں کی فخریہ نمائش کرتے رہے جو ان کے وصول ہوئے تھے اور جن کی تعداد جیسا کہ ''**شیخی**'' سے کہتے تھے کہ ایک اونٹ کے بوجھ کے مساوی تھی''۔ (خلافت معاویہ و یزید، ص ۱۹۵)

استغفر اللہ! اس اقتباس میں نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے ''ناعاقبت اندیش، حب جاہ میں مبتلا، شیخی دکھلانے والا'' جیسے گستاخانہ الفاظ و مفاہیم کو منسوب کیا گیا۔ اس گستاخی کے جواب میں کہا جاتا ہے کہ ہم نے شروع میں تنقیدی مقدمہ لگایا ہے سوال یہ ہے کہ کیا کبھی مودودی صاحب کی ''خلافت و ملوکیت'' کو بھی تنقیدی مقدمہ کے ساتھ شائع کرنے کا خیال آیا؟ قاضی مظہر حسین صاحب کی کتب کے بارے میں آپ کو شکوہ ہے کہ اس میں امیر معاویہ رض کو ''باغی'' کہا گیا تو چلیں انہی کتب کو تنقیدی مقدمہ کے ساتھ شائع کر دیں؟ ہے ہمت؟ اچھا چلیں اگر کسی کتاب میں العیاذ باللہ حضرت امیر معاویہ رض کی طرف اس قسم کے الفاظ منسوب ہوں اور ناشر شروع میں لکھ دے کہ ہم ان الفاظ کے ساتھ متفق نہیں تو اس کی اشاعت سے پیٹ میں ''رافضیت و سبائیت'' کے طعنے دینے کا مروڑ تو نہیں اٹھے گا؟

سارے فساد کی جڑ امام حسین علیہ السلام ہیں (استغفر اللہ)

محمود عباسی یہ ایمان سوز عبارت لکھتا ہے:

''اور (حضرت) حسین رض اپنے خروج میں بڑی خطا و غلطی کی وجہ سے امت میں

افتراق واختلاف کا وبال پڑا اور آج تک محبت والفت کے ستون کو جھٹکا لگا"۔ (خلافت معاویہ ویزید، ص ۱۱۸)

العیاذ باللہ یعنی آج تک امت میں افتراق وانتشار کی جو فضا ہے اس کا قصوروار امام حسین علیہ السلام ہیں۔ معاذ اللہ؟ یہی زبان گستاخان اصحاب رسول ﷺ کی ہے وہ کہتے ہیں کہ امت میں جو اختلاف وانتشار ہے اس کی وجہ صحابہ کا حضرت علی کو حق خلافت نہ دینا ہے۔ حقیقت میں یہ دونوں گروہ ایک ہی ہیں ایک نے اہل بیت کا نعرہ لگا کر صحابہ کی توہین کی دوسرے نے بنو امیہ کی ناموس کا نعرہ لگا کر اہل بیت کی توہین وتذلیل کی۔ اللہ دونوں پر لعنت کرے۔

امام حسین علیہ السلام پر سنگین الزامات

"مشہور مورخ ڈوزی کا ایک فقرہ اس بارہ میں قابل لحاظ ہے وہ لکھتا ہے:

اخلاف یعنی آنے والی نسلوں کا عموما یہ شعار رہا ہے کہ وہ ناکام مدعیوں کی ناکامی پر جذبات سے مغلوب ہو جاتے ہیں اور بسا اوقات انصاف قومی امن اور ایسی خانہ جنگیوں کی ہولناک خطروں کو نظر انداز کر دیتے ہیں جو ابتدا نہ روک دی گئی ہو یہی کیفیت اخلاف کی حضرت حسین کے متعلق ہے جو ان کی ایک ظالمانہ جرم کا کشتہ خیال کرتے ہیں۔

ایرانی شدید تعصب سے اس تصویر میں خدوخال بھرے اور حضرت حسین کو بجائے ایک معمولی قسمت آزما کے جو ایک انوکھی لغزش وخطا ذہنی اور قریب قریب غیر معقول حب جاہ کے کارن ہلاکت کی جانب تیز گامی سے رواں دواں ہوں ولی اللہ کے روپ میں پیش کیا ان کے ہم عصروں میں اکثر و بیشتر انہیں ایک دوسری نظر سے دیکھتے تھے وہ انہیں عہد شکنی اور بغاوت کا قصوروار خیال کرتے تھے اس لئے کہ انہوں نے (حضرت) معاویہ کی زندگی میں یزید کی (ولی عہدی) کی بیعت کی تھی اور اپنے حق یا دعوائے خلافت کو ثابت نہ کر سکے"۔ (خلافت معاویہ ویزید، ص ۷۶)

اس عبارت میں امام حسین کو ناکام مدعی، معمولی قسمت آزما، جو اپنی مطلب برآوری کیلئے جائز

ونا جائز کی پروا بھی نہ کرتا ہو، بناوٹی ولی اللہ، بے دانش، حب جاہ کا مرتکب، عہد شکن غدار، بے دلیل دعویے دار'' کے مکروہ صفات سے متصف کیا گیا۔

کہاں ہے وہ ناصبی جو یہ کہتے کہتے ہلکان ہوئے جاتے ہیں کہ صحابہ تاریخی نہیں قرآنی شخصیات ہیں یہ انگریز ڈوزی معاذ اللہ کس قرآن کے نام ہے جس کے یہ تبصرے امام حسین کے حق میں شائع کئے جارہے ہیں؟ آج کسی صحابہ کے نام لیوا میں یہ جرات ہے کہ یہی القاب ہمارے حوالے سے اپنے محبین اور بڑوں کی طرف منسوب کرے؟

امام حسین کا خروج طلب حکومت کے لیے تھے

موصوف لکھتے ہیں:

''ظاہر ہے کہ حضرت حسین رض کے یہ بھائی بھی ان کے خروج کو طلب حکومت وخلافت ہی کا ایسا اقدام سمجھتے تھے جو کسی طرح بھی جائز ومناسب نہ تھا''۔ (خلافت معاویہ ویزید، ص ۸۰)

یعنی حضرت امام حسین رض کا خروج وشہادت طلب حکومت یعنی طلب دنیا اور ایک ناجائز امر کیلئے تھی معاذ اللہ سوال یہ ہے کہ اس صورت میں ''شہادت حسین'' کا حکم کیا ہوگا؟

امام حسین رض کے خلاف تلوار کیوں نہیں اٹھائی جاسکتی؟

عباسی! یزید کی طرف سے امام حسین رض کی شہادت کو حق بجانب ثابت کرنے کیلئے لکھتا ہے:

''حضرت علی المرتضی کی تلوار اگر حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رض زوجہ مطہرہ حبیبہ رسول اللہ ﷺ کے خلاف بے نیام ہوسکتی ہے اور اس ہودج پر تیر برسائے جاسکتے ہیں جس میں تمام امت کی ماں تشریف فرما تھیں اور ماں بھی وہ جو حجت دینیہ کے تحت میدان میں آئی ہو تو حضرت حسین رض کے خلاف تلوار کیوں نہیں اٹھائی جاسکتی جن کی دعوت محض یہ تھی کہ نبی کریم ﷺ کا نواسہ اور حضرت علی رض کا فرزند ہونے کی حیثیت سے خلیفہ انہیں بنایا جائے''۔ (خلافت معاویہ ویزید، ص ۱۸۰)

کس قدر توہین اور وہ بھی جھوٹے مفروضوں کی بنیاد پر حضرت امام علی رض نے کہیں بھی اپنی ماں کے خلاف تلوار نہیں اٹھائی اور بالفرض اٹھائی بھی ہو تو جواب دو کہ حق پرست ماں وہ بھی نبی کی ماں پر تلوار اٹھانے والے کا کیا حکم ہے؟ پھر دیدہ دہنی دیکھیں کہ کس طرح امام حسین کو شہید کرنے کو جائز قرار دیا جا رہا کہ چونکہ امام حسین کا دعوی محض قرابت رسول اللہ ﷺ کی بنیاد پر تھا اس دعوے کی کوئی شرعی حیثیت نہیں جو کہ سراسر جھوٹ ہے خانوادہ رسالت ﷺ ایسا جاہلانہ دعوی کبھی نہیں کر سکتے۔۔۔لہذا امام حسین کے خلاف اگر کسی نے تلوار اٹھالی تو کونسی قیامت آگئی۔۔۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔۔۔

امام حسین علیہ السلام کا خروج نصرت اسلام کے لیے نہ تھا ان کو مجاہد و شہید کہنے والا محرّف قرآن ہے (معاذ اللہ)

نام نہاد محقق محمود عباسی مسلمانوں کے دلوں پر نشتر چبھوتے ہوئے لکھتا ہے:

"تاریخی واقعات کو عقل و امانت سے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت حسین رض کا اقدام نہ کفار سے جہاد فی سبیل اللہ کیلئے تھا نہ نصرت اسلام کیلئے نہ اعلائے کلمۃ اللہ کیلئے تھا۔۔۔ان کی شہادت کو ذبح عظیم کہنا قرآن مجید کی تحریف ہے"۔ (رسومات محرم اور تعزیہ داری، ص ٦٠)

استغفراللہ! کہاں ہیں امام حسین کے نام لیوا؟ کہاں ہے خود کو عاشق اہل بیت کہنے والے؟ یہ تمہارے ناک کے نیچے لکھا اور چھاپا جا رہا ہے کہ کربلا میں امام حسین اور اہل بیت کی شہادت کو عظیم قربانی یعنی ذبح عظیم کہنا تحریف قرآن ہے۔ کیونکہ ان کی لڑائی نہ اللہ کیلئے نہ اعلا کلمہ اللہ کیلئے تھی بلکہ نفس پرستی، حب جاہ اور مملکت کے حصول کیلئے تھی۔ استغفراللہ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی خلافتِ راشدہ کا انکار

موصوف صحیح روایات کو چھوڑ کر جعلی، وشدید ضعیف روایات کو بنیاد بنا کر لکھتے ہیں:

"حضرت عثمان ذی النورین رض کی مظلومانہ شہادت کے بعد سبائی لیڈر مالک الاشتر اور

اس کے ساتھیوں نے حضرت علی رض سے بیعت خلافت کرنی چاہی ۔۔۔مگر افسوس حضرت (علی) موصوف نے اپنے بھائی کا عاقلانہ مشورہ قبول نہ فرمایا اور بیعت لے لی یہ بیعت چونکہ باغیوں اور قاتلوں کی تائید بلکہ اصرار سے ہوئی تھی اور یہ خلافت ہی حضرت عثمان ذی النورین رض جیسے محبوب خلیفہ راشد کو ظلما اور ناحق قتل کر کے سبائی گروہ کے اثر سے قائم کی گئی تھی"۔(خلافت معاویہ و یزید، ص ۲)

سوال یہ ہے کہ جب حضرت علی کرم اللہ وجھہ کی خلافت قائم ہی معاذ اللہ سبائی گروہ، قاتلوں اور ظالموں نے کی تو وہ خلیفہ راشد کیسے ہو گئے؟ وہ تو پھر معاذ اللہ نقل کفر کفر نہ باشد ایک ظالم و جابر حکمراں ہو گئے؟ آج اگر ان کے مالکوں یا ابوں کو کہا جائے کہ فلاں مسجد کی امامت ظالموں کے ذریعہ انہیں حاصل ہوئی فلاں جگہ موصوف سبائیوں کے زور پر شیخ الحدیث بنے تو آنکھیں باہر نکل آئے اور خلیفہ راشد کے خلاف اس قسم کی بکواس کو تحقیق کے نام پر چھاپو۔شرم۔۔۔شرم۔۔۔شرم

حضرت امام علی رض پر سنگین الزامات

موصوف لکھتے ہیں:

"قتل کے بعد ان کے خون کا قصاص اور سب سے بڑھ کر اپنی ماں ام المومنین سے جو قاتلین سے قصاص لینے گئی تھیں برسر پیکار ہونا اور ان سبائیوں کی سازش سے جو ان کی فوج میں شامل ہو کر گئے تھے اور ان کی اہانت کو موجب اور اذیت جسمانی پہنچ جانے کے باعث ہوئے تھے ان کو بدستور اپنا مشیر بنائے رکھنا ان حالات میں وہ رسول اللہ ﷺ کی آرام گاہ کے سامنے کیسے حاضر ہو سکتے تھے خصوصا آپ کی محبوب ترین رفیقہ حیات کے اس طرز عمل کے بعد"۔(تحقیق مزید، ص ۷۷)

یعنی گویا حضرت علی نے اپنی والدہ ماجدہ حضور ﷺ کی محبوب ترین شریکہ حیات سے جنگ لڑ کر خون عثمان میں شریک سبائیوں کو اہم عہدے دے کر یہ جرائم کر کے معاذ اللہ حضرت علی ایسے شرمندہ تھے کہ حضور ﷺ کے روضہ مبارکہ کے سامنے بھی کھڑے نہ ہو سکتے تھے ۔۔۔ العیاذ باللہ۔۔۔اب اگر کوئی سبائی کہے کہ اہلسنت اہل بیت کے گستاخ ہیں اور دلیل میں یہ عبارت پیش کرے تو اس نے کیا غلط کہا؟ یہ سبائیوں کے ہاتھ مضبوط کرنا نہیں تو اور کیا ہے؟

مزید گستاخیاں

چونکہ مضمون کافی طویل ہو گیا ہے لہذا مزید کیلئے ہم صرف عنوانات پر اکتفا کرتے ہیں:

حضرت علی کرم اللہ وجہہ پر حضرت عثمان کی شہادت سے راضی ہونے کاالزام

(دیکھئے تحقیق مزید، ص ۸۱)

حضرت علی رض حضرت عثمان رض کے دشمن تھے

(معاذ اللہ دیکھئے تحقیق مزید، ص ۸۴)

ہر اعتبار سے حضرت علیؓ غلطی پر تھے سارا قصور حضرت علیؓ کا تھا

(دیکھئے تحقیق مزید، ص ۸۴، ۹۶)

نوٹ: ہمارے پاس جو خلافت معاویہ ویزید کا نسخہ ہے وہ محمود عباسی کا خود کا شائع کردہ ہے جسے مشہور آفسٹ پریس کراچی سے شائع کروایا گیا، تاریخ اشاعت مذکور نہیں البتہ قیاس یہ ہے کہ یہ کتاب کا دوسرا ایڈیشن ہے۔

☆......☆......☆......☆

بابِ اوّل

یزیدی ناصبیوں کی حضرت علی اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما کی شان میں چند گستاخیاں

یزیدی ناصبی محمّد عبّاسی کی حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شان میں گستاخی: کہتا ہے کہ امام صاحب رضی اللہ عنہ دین کے لیے نہیں، بلکہ حبّ جاہ کے لیے یزید کے خلاف نکلے۔ (معاذ اللہ)

گرانی سے بچ کر حسینؓ بمعیت عبداللہ (ابن الزبیرؓ) مکہ کی مقدس سرزمین پر پناہ گزیں ہوئے تھے۔ اہالیانِ کوفہ کے خطوط و مراسلات جب اُن کو موصول ہو گئے تو ان کو اس سے بے انتہا خوشی ہوئی۔ ان خطوط میں التجا کی گئی تھی کہ وہ آن کر ان کی قیادت کریں۔ کوفیوں کی ان تحریرات میں یہ عہد کیا گیا تھا کہ ہم آپ کو خلیفہ تسلیم کرلیں گے، اور پوری آبادی کو آپ کی خلافت قبول کرنے پر راضی کرلیں گے۔ کوفہ سے قاصد پر قاصد بڑی سرعت سے آتے رہے آخری قاصد جو بڑی طویل درخواست لایا تھا اُس کے ساتھ کوئی ڈیڑھ سو صفحات کی فہرست لوگوں کے دستخطوں کی منسلک تھی۔ حسینؓ کے دور اندیش دوستوں نے لاکھ منت سماجت کی کہ ایسی خطرناک مہم کے اندر ناعاقبت اندیشانہ اپنے کو جھونک نہ ڈالیں اور ان لوگوں کے مواعید اور مصنوعی جوش و ولولہ پر اعتماد نہ کریں جنہوں نے اُن کے والد سے دغا کی تھی اور ان کو دھوکہ دیا تھا مگر حسینؓ نے حب جاہ کی مہلک ترغیبات پر کان دھرنے کو ترجیح دی اور ان لاتعداد خطوط و دعوت ناموں کی فخریہ طور سے نمائش کرتے رہے جو ان کو موصول ہوئے تھے اور جن کی تعداد جیسا کہ بعض کہتے تھے ایک اونٹ کے بوجھ کے مساوی تھی۔ قضا کے سامنے بالآخر انہوں نے سر جھکا دیا اور کوفہ روانہ ہو گئے ....
(قتل مسلم کے) مصیبت خیز واقعات کی خبر حسینؓ ...... کو اس وقت ملیں جب کوفہ سے کچھ زیادہ دور نہ تھے ان کے ساتھ مشکل سے سو نفوس تھے جن میں زیادہ تر ان کے اہل خاندان تھے بایں ہمہ انہوں نے سفر

محمود عباسی کی بکواس: حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت عثمان غنیؓ کے دشمن تھے۔ (معاذ اللہ)

تحقیق مزید

بسلسلۂ

خلافت معاویہؓ و یزیدؒ

مؤلفہ

محمود احمد عباسی

شائع کردہ

الرحمٰن پبلشنگ ٹرسٹ (رجسٹرڈ)

مکان نمبر ۳، روڈ نمبر ۲، سب بلاک A، بلاک نمبر ۱، ناظم آباد

نزد مسجد قدوسیہ کراچی ۷۴۶۰۰

فون نمبر: ۳۱۳۲۹

قیمت: ایک سو بیس روپے

ان کے چشم تصور میں یقیناً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک رہا ہوگا جو قصاص عثمانؓ کی بیعت کے لئے اٹھا تھا اور آج بیس برس بعد وہ آپ کی بیعت قصاص پوری کرنے اور مجرموں کو سزا دینے کے لئے مکہ سے بائیس منزلوں کی دشوار گزار راہ طے کرتے ہوئے صحابہ و تابعین کی معیت میں بصرہ تشریف لے گئیں۔

ام المومنین اور حضرت طلحہؓ و زبیرؓ کا یہ اقدام حالات اور واقعات کی رو سے بالکل صحیح اقدام تھا اور قاتلین و مجرمین سے انتقام لینے کی غرض سے تھا حضرت علیؓ کی مخالفت کا کوئی شائبہ تک اس اقدام میں شامل نہ تھا کیونکہ ان کے جلو میں تین ہزار سواروں کے لشکر نے بصرہ کی جانب کوچ کیا تھا مدینہ کی جانب۔ حضرت علیؓ کا مادر مومنین کے مقابلہ میں آنا بر اعتبار سے غلط تھا۔

۱؎ حضرت علیؓ جب مدینہ سے چلنے لگے صحابہ نے سمجھایا کہ نہ جائیں مگر انہوں نے کہنا نہ مانا اور روانہ ہو گئے جب مقام ربذہ پہنچے ان کے بڑے صاحبزادے حسنؓ آ کر ملے اور اپنے والد سے شکایت کرنے لگے کہ مدینہ سے کیوں نکلے اور کیوں ہر دفعہ میری بات نہیں مانتے، حضرت علیؓ نے پوچھا بتاؤ میں نے تمہاری کونسی بات نہیں مانی حسنؓ نے کہا جب عثمانؓ کا محاصرہ ہوا تھا میں نے کہا تھا کہ آپ مدینہ سے باہر چلے جائیں اور ان کے قتل کے وقت مدینہ میں موجود نہ رہیں پھر وہ قتل ہو گئے میں نے آپ سے کہا تھا کہ جب تک عرب کے وفود اور باہر شہروں کی بیعت نہ آ جائے بیعت نہ لیں پھر ان لوگوں (یعنی ام المومنین عائشہؓ و طلحہؓ و زبیرؓ) کے اقدام کے وقت میں نے کہا کہ آپ گھر میں بیٹھے رہیں مگر آپ نے میری ایک بات بھی نہ مانی حضرت علیؓ نے جواب میں اپنی بیعت لینے کے بارے میں فرمایا یہ مجھے ڈر تھا کہ خلافت ضائع نہ ہو جائے۔ اہل حل و عقد مدینہ والے تھے نہ کہ سارے عرب اور تمام شہروں کے لوگ۔ رسول اللہ صلعم کا انتقال ہوا تو آپ کے بعد میں ہی خلافت کا سب سے زیادہ حق دار تھا لیکن لوگوں نے دوسروں کے ہاتھ پر بیعت کر لی میں نے ان پر کوئی جبر نہیں کیا۔ اب جو شخص مخالفت کرے گا میں اپنے فرمانبرداروں کے ساتھ اس سے لڑوں گا حتیٰ کہ خدا فیصلہ فرمادے۔ (ابن خلدون صفحہ ۱۴۳ ملخصاً)

حضرت طلحہؓ و زبیرؓ کے بیٹوں اور عزیزوں کے بارے میں یہ الفاظ کہیں نہیں ملتے کہ حضرت عثمانؓ کی محصوری کے زمانہ میں آپ لوگ مدینہ سے باہر چلے جائیں حضرت علیؓ ہی کے بارے میں ان کے صاحبزادو اور چچیرے بھائی کے منہ سے ملتے ہیں جس سے ثابت ہے کہ حضرت علیؓ کی حضرت عثمانؓ سے مخالفت اس قدر نمایاں تھی کہ ان کے عزیز قریب ان کا مدینہ میں رہنا اس نازک وقت میں مناسب نہ سمجھتے تھے۔ گو اس سے یہ نتیجہ کرنا کہ وہ قتل کی سازش میں شریک تھے کوئی ثبوت نہیں ہے۔

Facebook.com/AllamaSajidKhanNaqshbandi

جہاد میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا کوئی حصّہ نہیں، محمود عبّاسی یزیدی کی بکواس ۔ (معاذ اللہ)

تحقیق مزید

بسلسلۂ

خلافت معاویہؓ و یزیدؒ

مؤلفہ

محمود احمد عباسی

شائع کردہ

الرحمٰن پبلشنگ ٹرسٹ (رجسٹرڈ)

مکان نمبر ۳، روڈ نمبر ۷، سب بلاک ۸، بلاک نمبر ۱، ناظم آباد

نزد مسجد قدوسیہ، کراچی ۷۴۶۰۰

فون نمبر: ۶۲۱۳۲۹

قیمت: ایک سو بیس روپے

۱۷۳

...علاق رکھتے تھے۔ ابتدائی زمانہ بعثت رسول اللہ میں ... تھے بعض صحابہ نے عرض کیا کہ علیؓ کو ارشاد فرمادیں کہ جواب دیں آپ نے فرمایا لیس عندک ذلک یعنی ان میں اس کا مادہ نہیں۔ سیرۃ ابن ہشام میں جو اشعار ان سے منسوب ہیں صاحب کتاب نے خود لکھ دیا ہے کہ فن شعر سے جو بھی واقفیت رکھتا ہے اس کا قائل نہیں کہ حضرت علیؓ کے یہ اشعار ہوں (سیرت ابن ہشام ص ۱۳۶ ج۲) ابو عبید اللہ المرزبانی مولف معجم الشعراء جو شیعوں میں شعر کا سب سے بڑا نقاد تھا دو رجزیہ بیتیں لکھ کر کہتا ہے لم یصح ان علیاً تکلم من الشعر بشیئی غیر بیتین یعنی یہ صحیح نہیں کہ علیؓ نے دو بیتوں کے سوائے کوئی شعر کہا ہو مگر لطف یہ ہے کہ منسوبہ دیوان میں یہ دو بیتیں بھی نہیں ہیں۔ زمانہ حال کے نقاد احمد تیمور مستفیم زادہ کا یہ مقولہ صحیح ہے کہ "دیوان علیؓ کے اشعار اصل مالکوں کے حوالے کر دئے جائیں تو دیوان علیؓ کی جیب خالی ہو جائے"[1]

جہاد افضل جہاد تو جہاد باللسان ہے یعنی زبان سے تبلیغ دین کی کرنا اس میں رسول اللہ صلعم کے بعد حضرت ابو بکرؓ ہیں جن کے ہاتھ پر اکابر صحابہ اسلام لائے ان کے بعد حضرت عمرؓ ہیں اس میں حضرت علیؓ کا حصہ بہت کم ہے پھر مال سے جہاد کرنا اس میں حضرت ابو بکرؓ و عمرؓ کا حصہ ہے اور زیادہ حضرت عثمانؓ کا حضرت علیؓ کا اس میں کوئی حصہ نہیں۔ علامہ ابن حزم نے ایک قسم جہاد کی بوقت جنگ رائے و مشورہ کی بھی قرار دی ہے اور لکھا ہے کہ اس کو خالص ابو بکرؓ کے لئے پایا اس کے بعد عمرؓ کے لئے حضرت علیؓ کا اس میں بھی کوئی حصہ نہیں۔ چوتھی قسم جہاد کی نبرد آزمائی و نیزہ بازی و شمشیر زنی ہے اس کو وہ اس دلیل و برہان سے ادنیٰ جہاد قرار دیتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم روئے زمین میں یقیناً سب انسانوں سے زیادہ بہادر و شجاع تھے اپنی ذات...

---

[1] حضرت علیؓ کے والد ابو طالب اور بڑے چچا زبیر دونوں شاعر تھے۔ ابو طالب کے ندیم و گہرے دوست مسافر بن ابو عمرو بن امیہ تھے وہ اموی خاندان کے اچھے شاعر تھے ایک سفر تجارت میں حیرہ گئے تھے وہیں انتقال کر گئے ابو طالب نے اپنے اموی دوست کا مرثیہ کہا تھا جو متعدد کتب میں درج ہے (کتاب نسب قریش ص ۱۳۳)

Facebook.com/AllamaSajidKhanNaqshbandi

یزیدی ناصبی محمود عبّاسی کی بکواس: حضرت علی رضی اللہ عنہ جہاد سے بھاگنے والے تھے ۔ (معاذ اللہ)

۱۲۷

یہ ایک شیعی مصنف کا بیان ہے جو مودودی صاحب کا ماخذ بھی ہے اس سے علم ہوتا ہے کہ حضرت علیؓ حضرت زبیرؓ اور حضرت طلحہؓ کو خلیفہ بننے کی خواہش الگ الگ مختلف گروہوں نے کی تھی، لیکن ان حضرات سے مایوس ہو کر انہوں نے سب کے اتفاق رائے سے جس شخص کی خدمت میں وفد بھیجا وہ اول حضرت سعدؓ تھے اور پھر حضرت ابن عمرؓ گویا باغی اور مفسد بھی یہ جانتے تھے کہ اس ماحول میں اگر کسی شخص پر اجماع ہو سکتا تھا تو وہ حضرت سعدؓ کی ذات تھی اور ان کے بعد حضرت ابن عمرؓ کی۔ مودودی صاحب کا یہ قول باطل ہے کہ حضرت علیؓ سب سے افضل تھے۔

عقد بیعت مودودی صاحب کا دعویٰ ہے (ص ۱۲۱) کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب اور دوسرے اہل مدینہ حضرت علیؓ کے پاس گئے اور ان سے کہا کہ یہ نظام کسی امیر کے بغیر قائم نہیں رہ سکتا، لوگوں کے لئے ایک امام کا وجود ناگزیر ہے اور آج آپ کے سوا ہم کوئی ایسا شخص نہیں پاتے جو اس منصب کے لئے آپ سے زیادہ مستحق ہو نہ سابق خدمات کے اعتبار سے اور نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب کے اعتبار سے انہوں نے انکار کیا اور لوگ اصرار کرتے رہے۔"

یہ بیان بھی محض خیالی اور جذباتی ہے، اصحاب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ایسی خلاف واقعہ بات کیسے کہہ سکتے تھے۔ کیا انہیں معلوم نہ تھا کہ حضرت علیؓ کی جہادی خدمات صرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک تک تھیں اور عہد رسالت کے ان جہادی معرکوں میں بھی وہ منفرد نہ تھے۔ دیگر صحابہ حضرت حمزہؓ حضرت سماک ابو دجانہ انصاریؓ حضرت زبیرؓ وغیرہم نے بڑھ بڑھ کر حصہ لیا تھا مسلمانوں پر بعد میں جو مصیبتیں آئیں اور جیسے قوی دشمنوں سے انہیں برسر پیکار ہونا پڑا، ان میں حضرت علیؓ نے کوئی حصہ نہیں لیا حالانکہ ان کی جوانی کا عالم تھا عہد رسالت کے بعد کسی ایک جہاد میں بھی ان کا نام نہیں ملتا برخلاف اس کے حضرت سعدؓ اور حضرت زبیرؓ حضرت خالد بن ولیدؓ سیف اللہ نے وہ کارہائے نمایاں انجام دئے کہ رہتی دنیا تک یہ امت ان پر فخر کرے گی اور ان کی احسان مند رہے گی بلکہ حضرت سعدؓ اور حضرت زبیرؓ کی موجودگی میں نہ سابق خدمات کا ذکر کیا جا سکتا تھا اور نہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم...

تبصرۂ محمودی

بر

ہفوات مودودی

حصہ اوّل

اسلامی سیاسی نظام بعہد عثمانؓ، علیؓ و معاویہؓ و دیگر خلفاء رضی اللہ عنہم اجمعین

(نظر ثانی ایڈیشن)

محمود احمد عباسی

ناشر مکتبہ محمود ۱/۳۵ بی ایریا، لیاقت آباد کراچی

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کھلی توہین وفضائل کا انکار



تبصرۂ محمودی
بر
ہفواتِ مودودی

حصہ اوّل

اسلامی سیاسی نظام بعہد عثمانؓ، علیؓ و معاویہؓ و دیگر خلفاء رضی اللہ عنہم اجمعین

(نظر ثانی ایڈیشن)

محمود احمد عباسی

ناشر مکتبہ محمود ۱/۲۹ بی ایریا، لیاقت آباد کراچی

١٢٤

ہوگئے تھے ان میں سے ہر صاحب ہر اعتبار سے یکساں عظمت وحرمت رکھتے تھے، مودودی صاحب کا یہ خیال محض جذباتی ہے کہ "ان میں سے حضرت علیؓ ہر لحاظ سے پہلے نمبر پر تھے" حقیقت سے اس کا کچھ تعلق نہیں، اگر ایسا ہوتا تو انہی پر اتفاق کرلیا جاتا، حضرت عثمانؓ کے بعد حضرت علیؓ کا استحقاق محض اس وجہ سے تھا کہ باقی حضرات الگ ہوچکے تھے اور جو دو بچے تھے ان میں سے ایک امیدوار خلافت پر فائز رہ کر شہید ہوچکے تھے، اگر حالات معمول پر ہوتے اور حضرت عثمانؓ کی وفات طبعی ہوتی اور وہ بے وصیت کئے اس دنیا سے جاتے تو ایک درجہ میں یہ اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ حضرت علیؓ کی طرف نگاہیں اُٹھتیں۔

